ہزاروں مسائل شرعیہ کا
بیش بہا خزانہ
فتاوٰی اجملیہ
بزرگ الفقہاء حضرت علامہ مفتی شاہ
مولانا محمد اجمل قادری رضوی علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ الحدیث

اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے۔

ہزاروں فتاویٰ پر مشتمل مسائل شرعیہ کا بیش بہا خزانہ

اجمل الفتاویٰ

المعروف بہ

فتاویٰ اجملیہ

جلد چہارم

عمدۃ المحققین سلطان المناظرین اجمل العلماء بدر الفضلاء

حضرت علامہ مفتی الشاہ محمد اجمل صاحب قادری رضوی اشرفی نعیمی علیہ الرحمۃ والرضوان

شبیر برادرز

۴۰۔ اردو بازار۔ زبیدہ سنٹر ۰ لاہور

نام کتاب •=•=•=• **اجمل الفتاویٰ** المعروف بہ **فتاویٰ اجملیہ** (جلد چہارم)

مصنف •=•=•=• اجمل العلماء حضرت علامہ مفتی الشاہ محمد اجمل صاحب سنبھلی

تبییض وترتیب •=•=•=• محمد حنیف خاں رضوی بریلوی صدر المدرسین جامعہ نور بریلی شریف

محرک •=•=•=• حضرت علامہ مولانا محمد منشاء تابش قصوری (صدر ادارہ ریاض المصنفین پاکستان)

مؤید •=•=•=• مولانا صاحبزادہ سید وجاہت رسول قادری (چیئرمین ادارہ تحقیقات رضا انٹرنیشنل کراچی)

پروف ریڈنگ •=•=•=• محمد عبد السلام رضوی - محمد حنیف خاں رضوی

کمپوزنگ •=•=•=• محمد غلام مجتبیٰ بہاری - محمد زاہد علی بریلوی - محمد منیف رضا خاں بریلوی

•=•=•=• زین العابدین بہاری - محمد عفیف رضا خاں بریلوی

سن اشاعت •=•=•=• فروری ۲۰۰۵ء

تعداد •=•=•=• ۵۰۰

ناشر •=•=•=• شبیر برادرز اُردو بازار لاہور

مطبع •=•=•=• اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

قیمت •=•=•=• فی جلد 250 روپے (مکمل سیٹ 1000 روپے 4 جلد)

ملنے کے پتے

ادارہ تحقیقات رضا انٹرنیشنل رضا چوک ریگل (صدر) کراچی

ادارہ پیغام القرآن زبیدہ سنٹر 40 اُردو بازار لاہور

مکتبہ اشرفیہ مریدکے (ضلع شیخوپورہ)

احمد بک کارپوریشن کمیٹی چوک راولپنڈی

مکتبہ ضیائیہ بوہڑ بازار راولپنڈی

مکتبہ قادریہ عطاریہ موتی بازار راولپنڈی

مکتبہ غوثیہ ہول سیل پرانی سبزی منڈی کراچی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز اُردو بازار کراچی

مکتبہ رضویہ آرام باغ روڈ کراچی

مکتبہ رحیمیہ گوالی لین اُردو بازار کراچی

فہرست مسائل جلد چہارم

باب الحظر ۳

تے ہیں۔ واللہ تعالیٰ بالصواب

(۲) کسی سنی مسلمان کو بلاوجہ وہابی وکافر کہنا زبردست زیادتی اور دلیری ہے زید اپنے اس قول کی بناپر توبہ کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

رسالہ "شرعی نظر" کا میں نے مطالعہ کیا اس میں جن الفاظ پر سرخ نشان ہے وہ میری تحقیق کے خلاف ہے، اس بناپر میں اس رسالہ کو بلاتصدیق ہی کے واپس کرتا ہوں فقط والسلام۔ محمد اجمل قادری غفرلہ: میں مکان پر نہیں تھا اس لئے جوابات میں تاخیر ہوئی۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۲۵)

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں

سوال ڈھول تاشہ محرم وغیرہ میں بجانا ماتم کرنا خصوصاً جب کہ مسجد بھی قریب ہو زیر مسجد ڈھول کا بجانا کیسا ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ تعزیہ کا ادب قرآن کی برابر ہے یہ خیال کیسا ہے۔

السائل مستری محمد یامین رکن الدین سرائے

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

محرم میں ڈھول تاشہ بجانا اور ماتم کرنا حرام وناجائز ہے اور مسجد کے قریب ان کا بجانا اشد حرام اور شرمناک جرأت ہے، پھر خصوصاً اوقات نماز وجماعت میں ان کو بجاتے رہنا انتہائی شدید ترین حرام کا ارتکاب کرنا اور عبادت میں خلل اندازی کرنا ہے جو مسلمان کی شان سے بہت زیادہ بعید ہے۔ پھر جو لوگ اس تعزیہ کا ادب قرآن کریم کی برابر خیال کرتے ہیں وہ سخت جری ودلیر ہیں کہ کلام الٰہی کی برابر اس منگھوت تعزیہ کو خیال کر کے اپنی دین سے بے تعلقی اور انتہائی جہالت کا اظہار کرتے ہیں، العیاذ باللہ۔ لہٰذا ان لوگوں پر شرعاً توبہ واستغفار لازم ہے بلکہ انہیں تجدید ایمان ونکاح بھی کرنا ضروری ہے، مولیٰ تعالیٰ ہمیں اور انہیں دین حق پر عمل کرنے کے توفیق دے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ : الفقیر الی اللہ عزوجل، العبد محمد اجمل غفرلہ الاول

مسئلہ (۹۲۶)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید مدرسہ اشفاقیہ بریلی میں مدرس دوم اردو رہا پھر مدرسہ وہابیہ میں داخل ہوا اور مسجد روضہ محلّہ دیپا سرائے سنبھل میں رہا اور وہیں نماز پڑھتا رہا اور اپنے والدین کے رکھے ہوئے نام کو نامسعود اور حرف غلط کی طرح قرار دیتا ہے اور جا بجا تحریر وعبارت میں وغیرہ تحریر کرتا ہے اور شیعہ کا مترجم قرآن اور اس کی تفسیر مطالعہ کرتا ہے۔ زید کی تحریر کردہ عبارت درج ذیل ہے۔

فقہ میں میری نظر جتنی وسیع ہوتی جاتی ہے اتنی ہی امام اعظم سے بدظنی بڑھتی جاتی ہے۔ باب الغسل وباب المیاہ کی احادیث سے عقائد میں انقلاب برپا ہوتا چلا جارہا ہے شیعوں کے اعتراضات معقول معلوم ہوتے ہیں۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید صحیح العقیدہ سنی حنفی ہے یا نہیں رافضی ہے یا غیر مقلد ہے اور جو شخص زید کا شریک ہو وہ سنی حنفی ہے یا رافضی غیر مقلد اور زید پر تجدید ایمان ونکاح لازم ہے یا محض توبہ۔

سائل کلن خلیفہ ٹانڈہ حرمت نگر باسپور رامپور

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

زید مذکور کی جب یہ عادت ہی بن چکی ہے کہ وہ بجائے ﷺ صلعم اور بجائے علیہ السلام کے "ؑ" اور بجائے رضی اللہ عنہ کے "ؓ" اور بجائے رحمۃ اللہ علیہ "ؒ" لکھتا ہے، تو اس کا قلب حضرات انبیاء عظام علیہم السلام وصحابہ کرام واولیاء وعلمائے اسلام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبت وعظمت سے خالی معلوم ہوتا ہے کہ مفتیان دین ایسی عادت کو محروموں کی عادت بتاتے ہیں۔ چنانچہ خاتم المحدثین علامہ ابن حجر مکی کے فتاویٰ حدیثیہ میں فرماتے ہیں:

ولا یختصر کتابتہا (ای ﷺ) بنحو صلعم فانہ عادۃ المحرومین۔

(فتاویٰ حدیثیہ مصری صفحہ ۱۶۴)

پھر مزید اس کی حضرت امام رحمۃ اللہ علیہ سے بدظنی کا بڑھنا اور اعتراضات روافض کو معقول اور صحیح سمجھنا خود اس کے بدمذہب اور بدعقیدہ اور گمراہ وضال ہونے کی روشن دلیل ہے کہ کسی صحیح العقیدہ سنی حنفی کے قلب میں حضرت امام اعظم کی بدظنی بڑھ سکتی ہے نہ اعتراضات روافض کی معقولیت